9810 ـ لڑکی کا والد اس کے مہرکی رقم سے کچھ لینا چاہتا ہے

سوال

ایک لڑکی کی شادی ہونے والی ہے اوراس کےوالد نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے مہر سے کچھ والد کوبھی دے توکیا لڑکی اپنے والد کومہر میں سے کچھ ادا کردے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

جی ہاں لڑکی کے لیے اپنے والد کومہر کی رقم میں سے کچھ دینا جائز ہے ، جبکہ والد کواس کی ضرورت بھی ہوتواس حالت میں اسے دینا افضل ہوگا ، لیکن اگر والد محتاج اورضرورت مند نہیں توپھر اس میں کوئي حرج نہیں کہ جتنا وہ چاہے اپنے والد کودے اس لیے کہ وہ آزاد ہے اورعقل ورشد کی مالک ہے اوراپنے مال میں جو چاہے تصرف کرسکتی ہے .